Pratham

اخبارنویسی

مقصد: مضمون نگاری کی صلاحیت پیدا ہوگی

تجزیہ نگاری میں اضافہ ہوگا

تخلیقی سوچ میں اضافہ ہوگا

یہ ضروری کیوں ہے؟

جب طلباء کوئی چیز دیکھتے یا سنتے ہیں تو اس کے اظہار کی صلاحیت کا طلباء میں فقدان پایا جاتا ہے۔
اس لیے ان کے بولنے اور سوچنے کی صلاحیت کو پروان چڑھانے کے لیے یہ سرگرمی ضروری ہے۔

سرگرمی: اخبارنویسی کرتے وقت کیا آپ نے سوچا کہ آپ اخبار میں کیا پڑھتے ہیں؟ کیا آپ نے کبھی اس پر توجہ دی؟ کیا آپ نے کبھی دیکھا یا سوچا کہ اخبار کے کتنے حصے ہوتے ہیں۔ اگر آپ نے نہیں دیکھا تو خبر لکھنے سے پہلے آپ اخبار کا مطالعہ کریں اور درجہ ذیل نکات کو پڑھیں۔

☆ اہم سرخی ☆ نامہ نگار کا نام ☆ خبروں کا تعارف ☆ ذرائع ابلاغ ☆ تجارت

اب سوچیے کہ اخبار میں کس کس قسم کی خبریں شائع ہوتی ہیں۔ مثلاً حادثات، کھیل کود، سیاسی، قومی، بین الاقوامی، معاشی، زراعت اور تعلیم وغیرہ کی خبریں اہم ہوتی ہیں۔ اب آپ بھی اپنے گاؤں یا شہر کے متعلق خبریں لکھنے کی کوشش کریں اور آپ کی ٹیچر نے جو خبریں لکھائے ہیں ان کے بارے میں اپنے تاثر کا اظہار کیجیے۔

اس کے علاوہ اپنے گھر، گاؤں یا شہر یا جو آس پاس وقوع پذیر ہونے والے واقعات کی مشق کرنے کی کوشش کریں اور اسکول یا گاؤں میں منائے جانے والی کوئی بھی تقریب کی رپورٹ، ہیڈ ماسٹر کا انٹرویو جیسی خبریں آپ کے لیے اہم ہوسکتی ہیں۔

آپ کے ذریعہ لکھے گئے خبریں ہر پندرہ دن میں شائع کریں جس کا نام ہمارا گاؤں ہماری خبریں ہوں۔

آپ روزانہ اخبار کا مطالعہ کرنے کی مشق کرتے رہیں۔